جتنے اشعار میں نے تقابل کے غرض سے لکھ دیئے ہیں اگرچہ ان میں بیشتر اہل زبان کے زور طبع کا نمونہ ہیں تاکہ کھرے کھوٹے کی پہچان خود بخود ہو جائے اور اس دوہے کی وقعت پر بہت کچھ اضافہ ہو۔

تیسرا دوہا۔

امی ہلاہل مدہ بھرے شویت شیام رتنار ۔ جیت مرت جھک جھک پرت جہہ چتوت اک بار

امی = آبحیات۔ ہلاہل = زہر۔ مدہ = شراب۔ شویت = سپید۔ شیام = سیاہ چتوت = دیکھے۔ رتنار = سرخ۔

**ترجمہ** ۔آبحیات۔ زہر۔ مخمور۔ سپید۔ سیاہ۔ سرخ۔ وہ شخص جس کی طرف ایک بار دیکھے وہ زندہ ہوتا ہے۔ مرتا ہے اور جھک جھک پڑتا ہے۔

اس شعر میں تین درجہ کا لف ونشر مرتب ہے۔ لفظی خوبیوں کے اعتبار سے یہ شعر بھی بے مثل ہے۔ بہاری لال نے اسی کے قریب لکھا ہے

अधर धरत हरि के परत, ओठ दीठ पट ज्योति
हरित बांस की बांसुरी, इन्द्र धनुष रंग होति ॥

ادھر دھرت ہری کے پرت اوٹھ دیٹھ پٹ جوت
ہرت بانس کی بانسری اندر دھنش رنگ ہوت

ترجمہ ۔جس وقت سری کرشن اپنے ہونٹھ پر ہرے بانس کی بانسری رکھتے ہیں اس وقت اس پر ہونٹھ۔ آنکھ اور کپڑے[1] کا عکس پڑتا ہے تو یہ بانسری ان رنگوں کے

[1] جس کا رنگ زرد ہے

مجموعہ سے قوس قزح کی صورت اختیار کرتی ہے۔

یہاں شاعر نے مشبہ کو جمع کیا ہے لیکن مشبہ بہ کو اس ترتیب سے نہیں رکھا ہے جس طرح مشبہ کی ترتیب واقع ہے بلکہ ذہن کو اس شے کی طرف منتقل کیا ہے جس میں سب مشبہ بہ مجموعتہً پائے جاتے ہیں اور اگر علیحدہ علیحدہ دیکھے جائیں تو ہر ایک نہایت بہتر کیفیت تشبیہی ظاہر کرتے ہیں۔

**رام لال شاہ آبادی** پنڈت رام لال شاہ آبادی لکھتے ہیں۔

पद्मिनी के उर गजमणि माल पीक भास विद्रमसी लाल
बेनी बिम्ब जब तापर परै नीलम मणिकि शोभाहरै ॥

پدمنی کے اور گج مت مال پیک بہاس بدرم سے لال
بینی بمب جب تا پر پرے نیلم منی کی شوبھا ہرے

ترجمہ۔ خوبصورت عورت (پدمنی) کے گلے میں موتیوں کی مالا ہے۔ جب گلے گریبان کی سرخی کا عکس اس پر پڑتا ہے تو وہ مونگا بنجاتا ہے اور جب چوٹی کا عکس اس پر پڑتا ہے تو نیلم کی خوبصورتی حاصل کرتا ہے

**دوہے کی نسبت حضرت امیر کیطرف** اس دوہے کی نسبت حضرت امیر خسروؒ کیطرف سنی جاتی ہے لیکن ثبوت کا کوئی ذریعہ نظر نہیں آتا۔ اس دوہے میں بجز صنعت لفظی کے دوسری کوئی معنوی خوبی معلوم نہیں ہوتی۔ قیاس اتنا کام دیتا ہے کہ اس میں جس قسم کی ندرت ہے وہ حضرت امیر خسروؒ کے رنگینی طبع اور جدت پسندی

کے ساتھ ایک طرح کا لگاؤ رکھتی ہے۔ اس قیاس کی جہاں تک وقعت ہو اسی قدر اُس کی حضرت امیر خسروؒ کی جانب نسبت کرنے میں قوت ہو گی۔ تیسری غزل فارسی اور ہندی ممزوج۔ عام طور سے زبانوں پر جاری ہے

زحالِ مسکیں مکن تغافل دورائے نیناں بنائے بتیاں
کہ تابِ ہجراں ندارم اے جان نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں
شبانِ ہجراں دراز چوں زلف و روزِ وصلت چو عمر کوتہ
سکھی پیا کو جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں
یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم ببرد تسکیں
کسے پڑی ہے جو جا سناوے پیارے پی کو ہماری بتیاں
چو شمع سوزاں چو ذرہ حیراں ہمیشہ گریاں بعشق آں مہ
نہ نیند نیناں نہ انگ چیناں نہ آپ آویں نہ بھیجیں پتیاں
بحق روزِ وصالِ دلبر کہ داد مارا غریب خسرو
سپیت من کی ورائے راکھوں جو جائے پاؤں پیا کی گھتیاں

یہ صنعت جس میں فارسی اور ہندی بھاشا کا پیوند ملایا گیا ہے حضرت امیر سے پیشتر اس کا پتہ نہیں چلتا۔ جہاں تک قیاس یاری کرتا ہے یہی کہا جا سکتا ہے کہ حضرت امیر خسروؒ کی طبع خلاق معانی نے اس کو بھی روشناس خلق کیا۔ اگرچہ متاخرین نے بعد کو مختلف شکلوں میں اس کی تراش خراش کر لی ہے۔ کسی نے ہندی بحر میں فارسی

وہندی ممزوج اشعار نظم کیے۔ کسی نے فارسی بحور میں ہندی اور فارسی کا پیوند ملایا۔ کسی نے ہندی دوہوں کے ساتھ ایک ایک مصرع اردو یا فارسی کا چسپاں کیا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ حضرت امیر خسروؒ نے جس توازن و تناسب سے ان دونوں چاشنیوں کو ملا کر نیا ذائقہ تیار کیا دیگر شعرا ان سے بہت پیچھے رہ گئے۔ میں اوپر بیان کر چکا ہوں کہ ہر زبان کی شاعری اُس زبان کے چند الفاظ کو اُن کے مخصوص بحور میں بند کر دینا نہیں ہے بلکہ اُن کے خیالات کو انھیں کے محاورات میں ترتیب دیکر ان کے مختلف جذبات کو حرکت دینا اس زبان کی شاعری ہے۔ ہمیشہ ہر ملک اور ہر زبان کی شاعری بایکدیگر ممتاز ہوتی ہے جس کے مختلف اسباب ہیں۔ ان میں سے جو اسباب مشترک ہوتے ہیں اُن سے جو جذبات اور خیالات پیدا ہوتے ہیں وہ بھی مشترک ہوتے ہیں۔ اور باعتبار قوت وضعف اسباب اُن جذبات میں بھی قوت وضعف ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ تخیل ہی محرک جذبات ہے۔ لہذا وہ اسباب خیالات پر جتنا زیادہ اثر ڈالیں گے اسی قدر خیالات میں وسعت ہوگی اُتنا ہی جذبات میں ہیجان پیدا ہوگا۔ اُن اسباب میں سے آب و ہوا اور معاشرت قومی بڑا جزو ہے۔ اسی وجہ سے دو ملکوں اور دو زبانوں میں اختلاف خیال و جذبات کا پایا جانا لازم ہے۔ ان میں باخود ہا ربط دیکر ان کو ایک سلسلہ نظم میں لانا نہایت دشوار ہے۔ صرف وہی شخص اس بازی میں کامیاب ہوسکتا ہے جو دونوں زبانوں پر قدرت رکھتا ہوتا کہ جن زبانوں کو باہم مربوط کرنا ہے اُن کے مشترک جذبات ہی کو نظم کرے ورنہ اُن میں باخود ہا

کوئی ربط باقی نہیں رہے گا۔ متاخرین میں سے اکثر جنھوں نے اس صنعت میں ہاتھ ڈالا ہے وہ ان خصوصیات کو نباہ نہ سکے۔ مثلاً کامتا پرشاد برہمن ساکن لکھ پورہ ضلع فتحپور نے۔ سنسکرت۔ پراکرت ہندی اور فارسی کے ترکیب سے اک طرفہ معجون تیار کی ہے۔ یہ شخص فارسی جانتا تھا اور زبان سنسکرت کا ماہر تھا سمت ۱۹۰۰ میں اس کا زمانہ تھا میں اُسکی نظم کو یہاں نقل کرتا ہوں۔

यानलिनँ मलिनं नयनेन करोति विभर्ति करा
चंद मुखी महतिज्जगई पुनितिदकयाकनि विज्जुहरा
कीरति वाकी बराबरी को करिपैसे नयेपिय कौ नधरा
गारद बुर्द दिलम हमदोश अजब शुदमस्तम कुश्त मरा ॥

ترجمہ۔ جو کنول کو میلا کرتی ہے آنکھوں سے ہاتھوں کو رکھے ہوئے۔

چاندسی صورت والی دنیا میں بڑی اپنی روشنی سے بجلی کو فریفتہ کرنے والی اوس کی

صفت کی برابری کون کرسکتا ہے ایسی انوکھی چیز کس نے پائی ہے (فارسی صاف ہے)

اس شاعر نے بہت کوشش کی ہے لیکن حضرت امیر خسروؒ سے اس کا توازن بڑی بدمذاقی کی علامت ہے۔

عبدالرحیم خانخاناں نے ایک نظم سنسکرت اور اردو ممزوج لکھی ہے لیکن سنسکرت کا پیوند اردو سے غیر مناسب ہے۔ فصاحت کلام حاصل نہیں ہوسکتی دونوں زبانوں میں بون بعید ہے اگرچہ دونوں حیثیات جداگانہ اپنی جگہ پر بلیغ ہوں۔

البتہ سنسکرت اور پراکرت کا پیوند خوش آیند ہو سکتا ہے جیسا کہ متقدمین شعراء سنسکرت نے کیا ہے۔ اسی طرح فارسی اور عربی کا امتزاج بھی ایک گونہ صحیح مزاج پیدا کرتا ہے اس لئے کہ عربوں کے اثر نے فارسی زبان کا بہت کچھ بقبضہ کیا اور اب موجودہ فارسی میں عربی خیالات بیشتر جھلکتے ہیں لہذا دونوں کا میل بے جوڑ نہیں ہے موجودہ شعراء میں سے ایک شخص نے ایسی ہی ہندی اور فارسی ممزوج نظم ہندی بحر سَوَیا میں لکھی ہے سَوَیا فارسی الفاظ کے ساخت کے لحاظ سے وضع الشی فی غیر محلہ ہے یہی سبب ہے کہ اردو یا فارسی غزلیں ہندی راگوں پر صحیح منطبق نہیں ہوتیں۔

فارسی و ہندی ممزوج نظم

تان سنائے بجائے کے بانسری دل کی بتھا اظہار نمائم

چاہے میرو ہرنے ملبو لکھی بہانت نظارۂ یار نمائم

لوگ چوائی لبیں یہی گانوں سو حافظ من نہ قرار نمائم

چندر مکھی مکھ گھونگھٹ کھول کہ تا از دور دیدار نمائم

ترجمہ صاف ہے۔ ہندی کے الفاظ مشکل نہیں ہیں۔

میرے بڑے بھائی مولوی محمد معصوم متخلص بہ کنور (لفظ ہندی بمعنی معصوم) ابن مولوی عنایت رسول صاحب مرحوم چریاکوٹی جنکی مشق سخن ہندی بھاشا میں اس مرتبہ پر پہونچ چکی ہے کہ اگر ہم انکو ہندی بھاشا کے شعراء اہل زبان کا ہمسر جانشین کہیں تو کچھ بیجا نہ ہوگا۔ آپنے بیشتر سورداس بہترین شاعر ہندی بھاشا کے طرز ادا کا تتبع کیا ہے۔ سورداس شرنگار رس (تغزل) میں مسلم الثبوت

شاعر سمجھا جاتا ہے۔ آپکی یہ غزل فارسی و ہندی ممزوج میں یہاں نقل کرتا ہوں۔ حضرت امیر خسروؒ کے طرز پر اُسی بحر میں لکھی گئی ہے۔ یہ غزل متاخرین کی تمام غزلوں میں جو اس رنگ میں لکھی گئی ہیں میرے نزدیک سب سے بہتر ہے۔

ترے درس کی ہے آس ہم کو بیا بہ بالائے بام جاناں
تمہارے درسی ہیں نین لاگے نمائے شکلِ مرام جاناں
کہوں میں کاسے برہ بپت کو ہر انچہ بگذشت در فراقت
لگے جو نیناں نہ لاگے سپنو کہ خواب و خورشد حرام جاناں
جو آؤ سپنوں میں سیج موری بہ بیں کہ حالم چہ کرد ہجرت
پسارے نیناں رہت ہوں نشدن بیا بچشم خرام جاناں
دہنک بھوییں اور بان چتون قدش دو بالاست از قیامت
اور تل پڑاتی ہے پریت تل تل و زلف پر پیچ و دام جاناں
سگھر چتر روپ کی وہ دیوی زبان لال ست در ستائش
ابھی برس جائے پھول کنورا اگر شود ہمکلام جاناں

دونوں اہل زبان اس غزل سے لذت پانے میں برابر کے شریک ہیں۔ اسلئے کہ شاعر ممدوح نے انہیں خیالات کو نظم کیا ہے جو دونوں میں مشترک ہیں اور یکساں محرک جذبات ہیں۔ حضرت امیر خسروؒ کی غزل میں یہی رمز ہے جسنے آپکے غزل کے مرتبہ کو ایسا بلند کر دیا کہ متاخرین کے لئے اس سطح پر پہونچنا نہایت دشوار ہو گیا۔

**پہیلی** پہیلی کی حقیقت مشخص کرنے کے لیے جتنے صفحات ہم کو سیاہ کرنے پڑے اُس کی غایت صرف یہ تھی کہ حضرت امیر خسروؒ نے پہیلیوں کے نظم میں جس بلاغت سے کام لیا ہے وہ عامیانہ عقیدت کے سطح سے بلند ہو کر دلائل و براہین کے بام مرتفع سے ہر خاص و عام کو یکساں نظر آئے جتنے مقدمات اور اصول اس کی ماہیت کی تشخیص کے لیے پیشتر بیان ہو چکے ہیں اُن کے ذہن نشین ہونے کے بعد ہر شخص کو اپنی ذاتی رائے قائم کرنے کے لیے کوئی حالت منتظرہ باقی نہیں رہتی۔ جب تک کسی شی کی حقیقت پردۂ خفا میں رہتی ہے اُس وقت تک عام عقول اُس تک پہونچنے سے قاصر رہتی ہیں۔ لیکن جب یہ حجاب درمیان سے اُٹھ جاتا ہے اور فہم و ادراک کی روشنی پڑتی ہے تو اُس کے ہر رگ و ریشہ کی ہیئت کذائی بالکل نمایاں ہو جاتی ہے۔ پہیلی کی ترتیب میں عام اس سے کہ وہ نظم میں ہو یا نثر میں اشیا کے ان خواص کا ذکر ہے جو اُسی کے ساتھ مخصوص ہوں جس کے لیے پہیلی ترتیب دی گئی ہے اور وہ خاصیت کسی دوسری شی میں پائی نہ جائے جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ اور دوسرے اُس کو ایسی عبارت میں ادا کرنا جس کے سمجھنے میں کوئی دشواری پیدا نہ ہو۔ حضرت امیر خسروؒ کی پہیلیوں میں جو سب سے بڑی خصوصیت ہے وہ یہ ہے کہ پہیلی کی سی خشک اور کند چیز جو اپنی فطرت میں ذہن کے لیے ایک بار ہوتی ہے عبارت کے حلاوت اور حسن نظم سے خوشگوار ہو گئی فرض کرو کہ جبر و مقابلہ کا کوئی مسئلہ یا اقلیدس کی کوئی شکل استعارہ و کنایہ میں بیان کی جائے تو اُس سے ذہن

میں کتنا انقباض اور اُلجھاؤ پیدا ہوگا۔ حضرت امیر خسرؔو نے اس نکتہ پر خاص توجہ کی تھی۔ اُنہوں نے اپنی بیشتر پہیلیوں میں ظرافت کی ایسی خوشگوار چاشنی ملادی تھی جس سے طبایع فرح اور انبساط سے متکیف ہوکر عال ذہنی خوض وغور میں ممدا ور معاون ہو تے ہیں۔ یہ بات دوسری پہیلیوں میں کمتر نظر آئے گی۔ یہ امر اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک لکھنے والے مضامین پر قدرت تامہ نہ ہو۔ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ متاخرین اس نکتہ تک نہیں پہونچے بلکہ جہاں تک خیال ہوتا ہے یہی سمجھ میں آتا ہے کہ بیان پر قدرت کی کمی اس کا سبب ہوگی۔ یہاں پر کلام میں ظرافت کے مواقع اور اُس کی حقیقت اور اُس کی ضرورت پر کچھ لکھنا ہم مناسب نہیں سمجھتے۔ اب تک ہم نے جتنے صفحات رنگے ہیں وہی بہت ہیں اگرچہ اس موضوع پر لکھنے کو جی چاہتا ہے اور اس کی ضرورت بھی ہے۔ عام طور پر پہیلی کی بلاغت سے لوگ ناواقف ہیں اور اس پر کوئی مستقل کتاب بھی نظر سے نہیں گزری یہ ایک مستقل فن ہے اس کے اُصول وقواعد جداگانہ ہیں سنسکرت کی مختلف کتابوں میں اس پر مصنفین نے بہت کچھ لکھا ہے۔ اگر زمانہ نے فرصت دی اور اللہ تعالیٰ نے مدد کی تو اس پر ایک مستقل رسالہ لکھونگا۔

ظرافت جس کو ہندی اور سنسکرت میں ہاسیہ رس हास्यरस کہتے ہیں اور عربی اور فارسی میں اس کو مطائبہ یا ہزل سے تعبیر کرتے ہیں یہ نوع کلام مرغوب طبایع ہوتی ہے اُردو فارسی اور عربی میں زیادہ تر ہجو میں مستعمل ہے حضرت امیر خسرؔو نے اس ملکہ سے جس کو اللہ تعالیٰ اُن کی فطرت میں ودیعت رکھتا تھا اکثر مواقع پر کام لیا ہے۔

حضرت امیر خسروؒ کی زندگی کے شعبوں میں ظرافت کا ایک مستقل عنوان ہی اگر اسپر کچھ لکھا جائے تو ایک دفتر ہو سکتا ہی۔ اور ظاہر ہی کہ جس طرح یہ عنوان دلچسپ ہی اسپر جو کچھ لکھا جائے وہ کس قدر دلچسپ ہوگا۔ یہ کام ایک شخص کے کرنے کا نہ تھا اور نہ ایسے امور اہم جن میں مختلف عنوان مختلف حیثیات کے ہوں ایک شخص کے کرنے سے انجام پائے۔ اتنا بھی جو کچھ ہوا وہ بلحاظ قوم کی بدمذاقی کے امید سے بہت زائد ہوا۔ جب تک حضرت امیر خسروؒ کا کمال قوم میں زبان زد رہیگا اُس وقت تک حضرت نواب الحاج محمد اسحٰق خاں صاحب بہادر کے مساعی جمیلہ پر قوم فخر کریگی۔

حضرت امیر خسروؒ نے اپنی پہیلیوں میں ظرافت کی چاشنی کو شامل کرکے ظرافت کے بہترین موقع استعمال کو اجمالاً و کنایۃً بتلایا ہی۔ اس کو یوں سمجھنا چاہیئے جیسے طبیب دوا کے ساتھ نبات سپید ملا دیتا ہی اس لیے کہ شیرینی طبیعت کو مرغوب ہی شیرینی کی معیت میں دوا کو بھی طبیعت قبول کرلیگی اور اُس کا عمل قوی ہوگا۔ تلخ مضامین کے ساتھ ظرافت کا جوہر ہمیشہ یہی کام دیتا ہی۔ یہ جوہر موہبت ایزدی (جل جلالہ) ہی کسی چیز میں دیکھو ہجو میں بیشتر ظرافت کا رنگ غالب ہوتا ہی اسی وجہ سے کہ ہجو میں کسی فرد خاص یا گروہ کی بُرائیاں گنائی جاتی ہیں جن سے طبائع کو نفرت ہوتی ہی اور قلوب اُس کی طرف عدم مناسبت سے متوجہ نہیں ہوتے لیکن ظرافت کی شیرینی سے طبائع اُس کو جلد قبول کرلیتی ہیں۔

حضرت امیر خسروؒ مقراض کی پہیلی یوں ترتیب دیتے ہیں

بیستر چلیں باہر چلیں بیچ کلیجا دھڑکے     امیر خسرو یوں کہیں وہ دو دو انگل سرکے

اس پہیلی میں حضرت امیر خسروؒ نے قینچی کی، حرکت کی تصویر بھی کھینچ دی ہے اسی کے ساتھ اس پر ظرافت کا جو رنگ ہے وہ اپنا آپ ہی نظیر ہے۔

ایک میں ہے سیپ کی صورت آنکھیں دیکھی کہتی ہیں
ان کھاوے نا پانی پیوے دیکھے سے وہ جیتی ہیں
دوڑ دوڑ زمیں پہ دوڑیں آسماں پہ اُڑتی ہیں
ایک تماشہ ہم نے دیکھا ہاتھ پاؤں نہیں رکھتی ہیں

اس پہیلی کی خوبی دوسری پہیلیوں کے موازنہ سے ظاہر ہوگی۔ اگرچہ اس کی ہندی بہتر نہیں ہے تاہم اس کی بندش بہت خوب ہے۔ پہیلی کے شرائط تمامتر اس میں موجود ہیں۔ سید حسین شاعر نے اس کو یوں ادا کیا ہے۔

اُٹھے تو اک روگ اُٹھاوے بیٹھے تو دکھ دے
جاوے تو اندھیری لاوے آوے تو سکھ لے

اس شاعر کی پہیلی میں نقص یہ ہے کہ پہلا مصرعہ اس کا بیکار ہے صرف ایک ہی مصرعہ سے مدعا حاصل ہوتا ہے مثلاً اگر شاعر یہی کہتا کہ ''جاوے تو اندھیری لاوے آوے تو سکھ لے'' تو کافی تھا۔ دوسرے یہ واضح اس قدر ہے کہ اس کا چیستان ہونا باقی نہیں رہا۔ حضرت امیر خسروؒ نے فارسی میں اس کو یوں رکھا ہے۔

جفتے زکبوتران ابلق     ہستند جدا جدا معلق

پرند و بچرخ جبا نمایند     وزحت انہ خود بروں نیایند

اسی کوایک عرب شاعر یوں لکھتا ہے۔

وباسطۃ بلا عصب جناحًا     وتسبق مایطیر و لا تطیر

اذا القمتھا الحجر اطمانت     وتجزع ان تباشرہا الحریر

ترجمہ۔ ایک ایسی (سونث) شی ہے جو بلا عصب پر پھیلائے ہے اور اُڑتی ہوئی چیز سے آگے بڑھ جاتی ہے لیکن وہ خود نہیں اُڑتی۔ اور اگر اُس کو پتھر کھلاؤ تو مطمئن ہوتی ہے اور اگر اُس سے ریشم ملے تو پریشانی ہوتی ہے

ان پہیلیوں کے تقابل سے حضرت امیر خسروؒ کی قدرت کلام کا اندازہ ہوتا ہے کہ اس نوع کلام میں بھی حضرت امیر خسروؒ نے وہی شان ادا قایم رکھی۔ آگ

یوں چلت وہ دیہ بڑہاوے     جل پیوت وہ جیو گنواوے

ہی وہ پیاری سندر نار     نار نہیں پر ہے وہ نار

اس پہیلی میں اُس شی کا نام بھی ظاہر کر دیا گیا ہے لیکن اس خوبصورتی سے کہ ذہن اُس طرف جلد منتقل نہ ہو۔ ایک عربی شاعر کہتا ہے۔

وآکلۃ بغیر فم و بطن     لہا الاشجار والحیوان قوت

اذا اطعمتہا انتعشت وعاشت     وان اسقیتہا ماءً تموت

ترجمہ۔ ایک کھانیوالا بغیر منہ اور پیٹ کے (کھاتا ہے) درخت اور حیوان اُس کی غذا ہیں اگر یہ چیز یں اُس کو کھلاؤ تو زندہ و تیزا ہو لیکن اگر اُس کو پانی پلا دو تو مر جائے

اس عربی پہیلی سے حضرت امیر خسروؒ کی پہیلی زیادہ بالطف ہے اس لیے کہ حضرت امیر خسروؒ

نے آگ کی غذا ہوا کو قرار دیا ہی اور یہ دکھلایا ہی کہ ہوا سے اُس کے جسم میں افزائش ہوتی ہی اور یہ واقعیت پر بالکل منطبق ہی بخلاف عربی کی پہیلی کے جس میں ہر جگہ درخت وحیوان آگ کے وجود کی علت نہیں ہیں۔

حضرت امیر خسروؔ نے جن پہیلیوں میں اُس چیز کے نام کو ظاہر کیا ہی اُس کو اس خوبصورتی سے ادا کیا ہی کہ ذہن معاً اُس لفظ کے جانب متوجہ نہیں ہو سکتا جیسے نیم کی نبولی کی پہیلی ہندی کے کنڈلکا بحر میں لکھی ہی۔

ایک نار تر ور سے اُتری ماسوں جنم نہ پایو
باپ کا نام جو و اسے پوچھو آدھو نام بتایو
آدھو نام بتایو خسرو کون دیس کی بولی
واکا نام جو پوچھا میں نے اپنے نام نبولی

اس پہیلی کے ادا میں جس بلاغت سے کام لیا گیا ہی وہ زبان سے تھوڑا درک رکھنے والوں سے پوشیدہ نہیں۔ خواص اس کے جس قدر بتلائے گئے ہیں وہ نہایت مکمل ہیں لیکن اصل شی ایسے خفیف پردہ میں رکھی گئی ہی جو بظاہر تاریک ہی لیکن حقیقت میں محض لفظی دھوکا ہی۔ یہ قسم غالباً سنسکرت اقسام چیستان میں سے سموڑہا लप्तूढा کے تحت میں داخل ہو گی جس میں الفاظ کی ترتیب اس چالاکی سے رکھی گئی ہو کہ اصل شی کی طرف ذہن منتقل نہ ہو میں سنسکرت سے اس کی مثال پیش نہیں کرتا اس لیے کہ سنسکرت دان جماعت جو اُردو سے واقف ہی بہت

کم ہو اس صورت میں یہ مثال کچھ مفید نہ ہوگی۔ حضرت امیر خسروؒ کی اس قسم کی پہیلیاں نہایت دلچسپ اور خوشنما ہیں۔ جیسے آری کی پہیلی

سیام برن اور دانت انیک لچکت جیسے ناری
دونوں ہاتھ سے خسرو کھینچے اور یوں کہے تو آری

یہاں آری کا لفظ اس ہوشیاری سے رکھا گیا ہو جس سے ذہن اُس کی طرف بآسانی منتقل نہیں ہوتا یا جیسے ہال کی پہیلی

ایک مندر کے سہسر در ہر در میں تریا کا گھر
بیچ میں وا کے امرت تال بوجھ ہو اس کی بڑی محال

اس پہیلی میں گو حضرت امیر خسروؒ نے "بوجھ ہو اسکی بڑی محال" میں اُس کو بالکل صاف بتلا دیا ہو لیکن جملہ کی ترتیب نے اُسے ایسا مجہول کر دیا ہو کہ وہ شی بادی النظر میں معلوم نہیں ہوتی۔ یہی کمال ادا ہو۔ اسی طرح کھائی کی پہیلی۔

گھوم گھام کے آئی ہے اور میرے من کو بھائی ہے
دیکھی ہو پر چپّا بھی نہیں اللہ کی قسم کھائی ہے

اس پہیلی میں اُس سے زیادہ کھائی کے لفظ پر زور دیا گیا ہو اور کس خوبصورتی سے ادا کیا ہو۔ روزمرہ کے محاورہ میں اگر کوئی اُس کو بتاکید بتلائے تو یہی کہے گا کہ "اللہ کی قسم کھائی ہو"۔ لیکن اس عبارت میں ہرگز اُس طرف ذہن منتقل نہیں ہوتا۔ عبارت کی جودت ترتیب نے اُس پر باوجود ظہور کے خفا کا لطیف پردہ ڈال دیا ہو۔ اس میں

اس کے نام سے ڈرتا ہی اور ہر دن کے دن میں اُس کی ہلاکت اور تباہی ہی۔

## تین

انجیر ۱۲

ای شی لذ طعماً ناعم اللمس ولین
کیف لایبدو وضوحاً وھو فی التصحیف بین

ترجمہ۔ کونسی چیز ہی جو مزہ میں لذیذ اور چھونے میں نرم۔ کیوں نہ وہ ہر شخص کو معلوم ہو کہ وہ قران میں ظاہر ہی

## موز

کیلا ۱۲

ما اسم شیئی حسن شکلہ تلقاہ عند الناس موزونا
تراہ معدوداً فان زدتہ واواً ونوناً صار موزونا

ترجمہ۔ اُس خوبصورت شی کا کیا نام ہی لوگوں کو اُس سے ملنا موزوں ہی۔ وہ معدود ہی لیکن اگر اُس پر واو اور نون بڑھا دیا جائے تو موزوں ہو جائے۔

## شطرنج

یا ذا النھی ما اسم لہ حالۃ یحار فیہا الذھن والفکر
لہ حروف خمسۃ انما ثلاثۃ منہا لہ شطرہ

ترجمہ۔ اے عقلا اُس شی کا کیا نام ہی جس کی حالت پر اذہان اور افکار متحیر ہیں اُس کے پانچ حروف ہیں کہ جن میں سے تین اُس کا شطر (حصہ) ہی۔

## فیل

ایما اسم ترکیبہ من ثلاث وھو ذو اربع تعالی الالہ

حیوان والقلب منہ نبات | لم یکن عنہ جوعہ یرعاہ
فیک تصحیفہ ولکن اذا ما | رمت عکساً یکون لی ثلثاہ

ترجمہ۔ وہ کون نام ہے جس کی ترکیب تین (حروف) سے اور وہ چارپائے پیر کا ہے۔ جان دار ہے اور قلب اُس کا ایک گھاس ہے جس کو وہ بھوک کے وقت نہیں چھوڑتا تجھ کو اُس کی تصحیف ہے لیکن جب اُس کا عکس کرنا ہو تو میرے لیئے (لی) اُس کا دو ثلث ہے۔

## نار

وآکلۃ بغیر فم وبطن | لہا الاشجار والحیوان قوت
اذا اطعمتہا انتعشت وعاشت | وان اسقیتہا ماءً تموت

ترجمہ۔ ایک کھانے والا ہے جس کے منہ اور پیٹ نہیں ہے جس کی درخت اور حیوان غذا ہے جب اُس کو کھلاؤ تو وہ زندہ اور تیز ہوتا ہے اور اگر اُسے پانی پلادو تو مرجاتا ہے۔

## خشخاش

ما قبۃ مبنیۃ فوق شاہق | لہا علم یحکی الملاحۃ بالظرف
واولادہا فی بطنہا فی جماعۃ | یکونون الفا او یزیدون عن الف
ویاخذہا الطفل الصغیر بحبلہ | ویقلبہا عنفاً علی راحۃ الکف

ترجمہ۔ وہ کونسا قبہ ایک بلندی پر بنا ہوا ہے جس کا علم بہت خوبصورت ہے اور اُس کے اولاد کی ایک گروہ اُس کے پیٹ میں ہے جنکی تعداد ایک ہزار اور ایک ہزار سے زائد ہے اور چھوٹا بچہ اُس کو نادانی سے اپنی ہتیلی پر پیالہ کی طرح لوٹ دیتا ہے۔

## عین

وباسطۃ بلا عصب جناحا | وتسبق بالطیر ولا تطیر
اذا العقتہا الحجر اطمانت | وتجزع ان تباشرہا الحریر

ترجمہ۔ ایک پروں کو پھیلانے والی بلا عصب کے ہے اور وہ اُڑتی نہیں لیکن اُڑتی ہوئی چیز والے سے آگے بڑھ جاتی ہے۔ اگر اُس کو پتھر کھلاؤ تو مطمئن ہوتی ہے اور اگر اُس سے ریشم ملجائے تو بیچین ہوتی ہے۔

## قلم

وساکن رمس طعمہ عند راسہ | اذا ذاق من ذاک الطعام تکلما
یقوم ویمشی صامتا متکلما | ویرجع فی القبر الذی منہ قوما
ولیس بحی تستحق کرامۃ | ولیس بمیت تستحق الترحما

ترجمہ۔ ایک گور میں رہنے والا جس کی غذا اُس کے سر کے قریب ہے جب اُس کھانے میں سے کچھ کھاتا ہے تو باتیں کرنے لگتا ہے۔ کھڑا ہوتا ہے اور چلتا ہے خاموش ہے (لیکن) گویا ہے اور جس قبر سے وہ باہر لایا گیا ہے پھر اُس میں لوٹ جاتا ہے۔ نہ تو وہ ایسا زندہ ہے کہ مستحق بخشش ہو اور نہ ایسا مردہ ہے کہ لائق ترحم ہو

## دواۃ

مملۃ الجبین موردۃ الدم | محمرۃ الاذنین مفتوحۃ الفم
لہا صنم کالدیک ینقر جوفہا | تساوی اذا قومتہا نصف درہم

ترجمہ۔ گول پیشانی گلابی رنگ کے خون والی اُس کے دونوں کان سرخ ہیں منہ کھلا ہوا ہے اسکے ایک بت ہے جو مرغ کی طرح اُسکے پیٹ میں نوک مارتا ہے اگر اُس کو سیدھا کرو تو نصف درہم کے برابر ہو۔

## بیضہ

الاقل لاہل العلم والعقل والادب — وکل فقیہ سادقی الفہم والرتب
الاانبونی ای شی راتیموا — من الطیرفی الارض لاعاجم والعرب
ولیس لہ لحم ولیس لہ دم — ولیس لہ ریش ولیس لہ زغب
ویوکل مطلوب حاّ ویوکل بارداً — ویوکل مشویاً اذادس فی واللہب
ویبدولہ لونان لون کفضۃ — ولون ظرایف لیس لشبہ الذہب
ولیس یری حیا ولیس بمیت — الااخبرونی ان ہذامن العجب

ترجمہ۔ علما اور عقلا اور ادبا اور ہر فقیہ صاحب فہم و مرتبہ سے شئی پوچھو کہ وہ ہم بتلائیں کہ ایسی کوئی چڑیا عرب عجم میں دیکھا ہی کہ نہ اُس کے گوشت ہی اور نہ خون اور نہ پر ہی اور نہ رونگٹے رنگین پکاکر کھائی جاتی ہی ٹھنڈا کرکے کھائی جاتی ہی اور بھون کر کھائی جاتی ہی اُس کے دو قسم کے رنگ ہیں ایک رنگ چاندی کا سا ہی اور ایک رنگ سونے کا سا ہی نہ تو وہ زندہ نظر آتی ہی اور نہ مُردہ۔

## مصراعا الباب

کواڑ کے پٹ ۱۲

خلیلان ممنوعان من کل لذۃ — یبیتان طول اللیل یعتنقان
ہمایحفظان الاہل من کل آفۃ — وعند طلوع الشمس یفترقان

ترجمہ۔ دو دوست ہیں جو ہر لذات سے روکے ہوئے ہیں تمام رات دونوں گلے لگ کر سوتے ہیں دونوں ہر آفت سے اہل (خانہ) کو بچاتے ہیں اور طلوع آفتاب کے وقت دونوں جُدا ہو جاتے ہیں۔

## الابره
سوئی ۱۲

وذات ذوءب تنجر طولا — وراها فی المجی وفی الذہاب
بعین لم تذق للنوم طعماً — ولا ذرفت لدمع ذی لنکاب
ولا لمست بدی الایام ثوبا — ویکسوا الناس انواع الثیاب

ترجمہ ۔ وہ کونسی زلف والی عورتیں ہیں جنکی زلفیں برابر کھنچی رہتی ہیں اون کے پیچھے آنے اور جانے میں اپنی آنکھوں سے جنھوں نے نیند کے مزہ کو کبھی نہیں چکھا اور نہ اُن کے آنکھوں میں کبھی آنسو آیا۔ اور نہ کبھی کپڑ چھوا لیکن لوگوں کو طرح طرح کے کپڑے پہناتی ہیں۔

## قصب السکّر
نیشکر ۱۲

مہفہفۃ الاذیال عذب مذاقہا — تحاکی القنا لکن بغیر سنان
دیاخذ کل الناس منہا منافعا — وتوکل بعد العصر فی رمضان

ترجمہ ۔ باریک دامن والی شیریں مزہ والی مانند نیزہ کے لیکن بغیر انی کے اُس سے لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں اور رمضان میں بعد عصر کے کھائی جاتی ہے۔

جس قدر ہندی بھاشا میں حضرت امیر خسرو کی پہیلیوں کا سرمایہ ہے اُس سے زیادہ فارسی زبان میں اُن کی پہیلیاں ہیں لیکن افسوس ہے کہ یہ سرمایہ بھی اب مکمل یکجا نہ ہو سکا لیکن جس قدر تلاش سے مجھ کو مل سکا میں اُس کو فارسی زبان کی پہیلیوں کے ذیل میں درج کرتا ہوں۔ جہاں تک میری تحقیقات نے یاری کی میں ان پہیلیوں کی نسبت غالب کہہ سکتا ہوں کہ یہ کئی چند پہیلیاں بھی اُنہیں کی ہیں۔

# مکرنی

مکرنی اقسام بدیع میں سے وہ صنعت ہے جس میں کلام کی ترتیب اس نہج پر واقع ہو کہ اُسی سے ظاہر میں معشوق کا شکوہ یا مدح سمجھی جائے لیکن حقیقت میں اُس سے مراد دوسری شی ہو جس کو مصنف سوال کی صورت میں رکھکر خود جواب دیتا ہے اور سائل کے شبہ کو جو اُس کے معشوق کی نسبت پیدا ہوتا ہے رفع کرتا ہے جیسے

سگری رین مورے سنگ جاگا بھور بھئی تب بچھڑن لاگا
اس کے بچھڑے پھاٹت ھیا اے سکھی ساجن نا سکھی دیا
آپ جلے اور موہے جلائے پی پی کر مرد منہ بھر آئے
ایک میں اب ماروں کی مکا اے سکھی ساجن نا سکھی حکا
نت مورے کہاتر بجار سے آوے کرے سنگار تب جو ما یا پاوے
من بگڑے ندے راکھت مان اے سکھی ساجن نا سکھی پان

پہلی مکرنی میں شاعر کہہ رہا ہے کہ تمام شب میرے ساتھ وہ جاگتا رہا۔ جب صبح ہوئی تو وہ مُجھ سے جدا ہونے لگا۔ اس کی جدائی سے میرا کلیجہ پھٹتا ہے۔ یہاں تک تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ کسی معشوق کے متعلق ذکر ہے۔ چنانچہ اس رفع ابہام کے لیے وہ خود سوال قائم کرتا ہے کہ اے یار ساجن (معشوق) کے متعلق گفتگو ہے؟ اس کا جواب دیا گیا کہ نہیں یہ تو چراغ کا ذکر ہے۔

یہ صنعت حضرت امیر خسروؒ کے طبع خلاق معانی کا بہترین نتیجہ ہے۔ فایق صاحب نے لکھا ہے کہ مکرنی حضرت امیر خسروؒ کی ایجاد ہے۔ اس صنعت میں ظرافت ہی بڑی چیز ہے۔ اور امیر خسروؒ

سے پیشتر یہ صنعت موجود نہ تھی۔

آزاد بلگرامی نے سبحۃ المرجان میں لکھا ہی کہ "مکرنی اقسام تو ریہ میں سے ایک قسم ہی سنسکرت میں توریہ کے بہت سے اقسام ہیں جن کی تفصیل کادیہ ورشس وغیرہ کتابوں میں ملیگی۔ میرے نزدیک یہ پہیلی کی ایک نئی صورت ہی جس میں جواب بھی شامل ہوتا ہی بخلاف پہیلی کے جس کا جواب سننے والے کے غور وفکر پر محول ہوتا ہی۔ اگرچہ پہیلی خود توریہ کی ایک صورت ہی جیسا کہ میں اس کے متعلق اوپر مفصل لکھ چکا ہوں۔ توریہ اور چیستان کو اس صورت میں تقسیم کرنا بہتر ہوگا۔ یعنی چیستان کو توریہ سے وہی نسبت ہی جو چیستان کو مکرنی سے ہی۔ جو سرمایہ ہمارے پاس مکرنیوں کا موجود ہی وہ اتنا کم ہی کہ ہم اُسکی کوئی حد جامع ومانع قائم نہیں کرسکتے۔ اس سے ایک اجمالی اور قیاسی تعریف گڑھ لیتے ہیں۔ اس سے جہانتک سمجھ میں آتا ہی اسکی حیثیت پہیلی سے بالکل ممتاز ہی۔ اسکی بنیاد زیادہ تر ظرافت پر ہی۔ چونکہ ظرافت کی بلاغت ممتد نہیں ہی اور نہ اُسکے انواع پیش نظر ہیں اسلیے یہ بتلانا کہ اس کا پایہ حارد بلاغت میں کیا ہی نہایت دشوار ہی۔ اگر نگاہ غائر سے دیکھا جائے تو حضرت امیر خسروؒ نے اپنی قادر الکلامی کا ایک نمونہ پیش کرکے یہ بتلایا ہی کہ کیونکر پوری عبارت کی عبارت کا مفہوم محض ایک لفظ سے کچھ کا کچھ ہوجاتا ہی۔ علامہ حریری نے جہاں طرح طرح کے صنائع اور بدائع لفظی ومعنوی سے اپنی کتاب مقامات کو آراستہ ہی ایک مقامہ میں یہ صنعت بھی رکھی ہی تمام عبارت پڑھی جائے تو معلوم ہوتا ہی کہ کسی شخص کے متعلق گفتگو ہی لیکن اخیر میں یہ کھلتا ہی کہ نہیں تو ایک سوئی کا معاملہ ہی۔ مضمون آفرینی طبیعت کا بہت

بڑا جوہر ہی جو محض موہبت باری تعالے عز اسمہ ہی جس کے حصہ میں آئے۔

این سعادت بزور بازو نیست　　　تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حضرت امیر خسرؒو کی ذات صنعت ایزدی کا عجیب وغریب نمونہ ہی اس کو جس روشنی میں لائیے ایک نیا جلوہ نظر آتا ہی جس پہلو سے دیکھئے ایک دلکش انداز ہی۔ یہ چند بکھرے ہوے موتی جو زمانہ کے نہب وغارت سے بچ بچ کر ہمارے ہاتھ آئے ہیں اپنے آب وتاب سے یہ بتاتے ہیں کہ یہ ایک ایسے خزانہ سے جدا کئے گئے ہیں جو ہزار دل بیش بہا لعل وجواہر سے بھرا ہوا تھا۔ اسی سے ہم اس نتیجہ تک پہونچتے ہیں کہ جس طرح فارسی آپ کے طبع مواج سے سیراب ہوئی ہی زبان ہندی بھی تشنہ کام نہیں رہی اغم اس سے کہ ہم کو اس کی سیر نصیب ہوئی یا نہیں۔ ہم تو اب یہی سمجھ رہے ہیں کہ حضرت امیر خسرؒو کا ہندی کا جو کچھ سرمایہ تھا یہی ہی لیکن ایسا نہیں ہی کہ ہر زبان میں ایجاد و اختراع کا مرتبہ اُسکے تکملہ کے بعد ہوا کرتا ہی۔ جب تک کسی شخص کی مشق سخن درجہ کمال کو نہیں پہونچ لیتی اُس وقت تک وہ ایجاد و اختراع کا قدم آگے نہیں بڑہاتا۔ ہر زبان میں اظہار جذبات اور خیالات پہلے ہوتا ہی پھر اُس میں زبان کے ممارست اور عبور سے ایجاد و اختراع کا مادہ خود بخود پیدا ہوتا ہی۔ علم المحاورہ واللسان کا یہ مسلم الثبوت مسئلہ ہی جس کو تواریخ السنہ نے اچھی طرح پایہ ثبوت کو پہونچایا ہی۔ کوئی فرد زباں داں ایسا نہیں ملیگا جس نے مشق سخن اور اظہار جذبات اور خیالات سے پیشتر اختراعات میں قدم رکھا ہو۔ ہندی زبان میں ان ایجادات کو دیکھکر ہم سمجھتے ہیں کہ اس سے پیشتر حضرت امیر خسرؒو کی مشق سخن

ہندی زبان میں معراج کمال کو پہونچ چکی تھی مگر ہم اُن سے اب بالکل محروم ہیں۔
انہیں ایجادات میں سے دوسخنہ نسبتیں بھی ہیں جن کا ماحصل ایسا لفظ تلاش کرتا ہی جو دو معنی رکھتا ہو اور اُن دونوں معانی کے موقع استعمال کے لیئے سوال میں جدا گانہ الفاظ ہوں جن کے لحاظ سے جواب کا وہ ایک لفظ دونوں الفاظ سوال میں مشترک واقع ہو۔ مثلاً

سوال ستار کیوں نہ بجا۔ عورت کیوں نہ نہائی۔ جواب پردہ نہ تھا یہاں پردہ کے دو معنی ہیں ایک حجاب دوسرے راگ کی ایک خاص صورت ایک کا موقع استعمال ستار ہی اور دوسرے کا عورت اسی اصول پر نسبت بھی ہی لیکن بتغیر خفیف۔
میری رائے میں غالباً حضرت امیر خسرؒو نے یہ ایک قسم کا بچوں کا کھیل ایجاد کیا تھا تاکہ بچوں کو ایسے الفاظ کے یاد رکھنے کی قوت ہو جن کے دو معانی ہوں اور اس ذریعہ سے زبان کے لغات مشق ہوں اور غور و فکر کی عادت پڑے۔ یہ کھیل اب بھی ہر زبان میں کھیلا جاسکتا ہی۔

نسبت۔ غالباً منطق کے نسب اربع سے ماخوذ ہی جن میں مفہوم سے بحث ہوتی ہی حضرت امیر خسرؒو نے اُن کو الفاظ پر منطبق کرکے علم بدیع میں ایک نیا اضافہ کیا ہی۔

# تلمیح

رسالہ چیتاں وغیرہ کے متن کے صفحہ ۵۴ پر آخر کے دو ڈھکوسلے تلمیح طلب ہیں یعنی ایک "تو کھیر پکائی جتن سے الخ" اور دوسرا "اوروں کی چوپہری باجے"۔ پہلے کا قصّہ یوں ہے کہ ایک بار حضرت امیر کو راستہ میں پیاس لگی ایک کنوے پر چار عورتیں پانی بھر رہی تھیں۔ آپ نے ان سے پانی مانگا۔ ان چاروں عورتوں نے آپ کا نام معلوم کرکے ایک ایک لفظ دیا یعنی (۱) کھیر (۲) چرخا (۳) کتّا اور (۴) ڈھول اور اس سب کے ٹکے مجموعہ کی تک ملانے کی فرمایش کی اور اس کی بندش پر پانی پلانے کو مشروط کیا۔ آپ نے برجستہ یہ ڈھکوسلا تصنیف کر دیا۔ چاروں عورتیں خوش ہوگئیں اور پانی پلا دیا۔ دوسرے چھمّو نام ایک سائن بھی اس نے کہا میاں خسرو سب کی تکیں ملا دیا کرتے ہو میری بھی تک ملا دو۔ اس پر آپ نے یہ ڈھکوسلا اُسے بنا دیا۔

# ختم کلام

اب آخر میں مجھے صرف یہ بتانا باقی ہے کہ یہ مجموعۂ چیتاں مولوی احمد علی خاں صاحب شوق سپرنٹنڈنٹ صرف خاص ہزہائی نس نواب صاحب بہادر رام پور منشی محمد مستجاب اللہ خاں صاحب مقبول شروانی مرحوم

اور مولنا حسن نظامی صاحب کے بھیجے ہوئے میٹریل سے مرتب ہوا ہے۔

شنیدم کہ در روز امید و بیم
بداں را بہ نیکاں ببخشد کریم
تو نیز ار بدی بینی اندر سخن
بخلقِ جہاں آفریں کار کن

المسکین
محمد امین عباسی چریاکوٹی

مدرسۃ العلوم علی گڈھ
۳۰ اپریل ۱۹۱۸ء